DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 308

DATED 04-04-2026.

SUBJECT:- **PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 04.04.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | نظرانداز طبقات کے لیے جامع اقدامات کا آغاز ترقی کے عمل میں کسی طبقے کو پیچھے نہیں چھوڑا جائے، وزیراعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | ہرنائی زیارت اور سنجاوی میں بارشوں نے تباہی مچادی، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | منشیات کا استعمال معاشرے کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہا ہے، ولی محمد نورزئی۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | شہید ذوالفقار علی بھٹو مدبر رہنماء تھے سنجے کمار پنجوانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، محمد خان لہڑی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | صوبے سے دہشت گردی کے خاتمے کا عزم کر رکھا ہے، ضیاء لانگو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | چینی سرمایہ کاری صوبے کی ترقی وخوشحالی میں کردار ادا کر رہی ہے، بلال کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | پبلک ٹرانسپورٹ کے فیڈر روٹس کے تعین کے لیے سروے تیز کیا جائے، بلوچستان ہائی کورٹ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | اہم نوعیت کے منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے، چیف جسٹس بلوچستان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | گوادر کو جدید شہر بنانے کا عزم اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کا افتتاح۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | کارڈیک سینٹر سے جدید طبی سہولیات میسر آئیں گی، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | کیوڈی اے کمیونٹی ہال کی شفاف نیلامی سے خاطر خواہ آمدن متوقع۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | غیر قانونی پیٹرولیم کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عوام پر بم گرانے کے مترادف ہے، پشتونخواہ میپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے، اے این پی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | حکومت تمام بوجھ غریب اور متوسط طبقے پر ڈال رہی ہے، بی این پی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے خلاف جماعت اسلامی کے مظاہرو ریلیاں۔ عوام پر پیٹرول بم گرانا حکمرانوں کی سنگدلی کا ثبوت ہے، نیشنل پارٹی، سوراب نامعلوم مسلح افراد کا پی ڈی ایم اے کی مشینری لانیوالی گاڑیوں پر حملہ، بلوچستان پولیس کی مہم جاری 7 مغوی بازیاب 744 منشیات فروش گرفتار۔

## مسائل :

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ایل پی جی کی قلت پیدا ہوگئی، نجی تعلیم اداروں کا والدین پر ماہ مارچ کی فیسیں لینے کے لیے دباؤ، لسبیلہ میں بجلی کا بحران مرمت کے نام پر طویل بندش، کوئٹہ کے بعض علاقوں سمیت متعدد اضلاع میں گیس سپلائی معطل، بلوچستان کے گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں 60 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 04.04.2026

**اداریہ :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے " **بلوچستان میں مون سون بارشوں سے تباہی** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان ایک بار پھر قدرتی آفات کی زد میں ہے، جہاں حالیہ مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں نے نہ صرف قیمتی جانیں نگل لیں بلکہ وسیع پیمانے پر تباہی بھی پھیلائی ہے۔ ہرنائی، کوہلو، تربت جعفرآباد، لورالائی اور کچھی جیسے اضلاع میں پیش آنے والے افسوسناک واقعات اس امر کی یاددہانی ہیں کہ صوبہ اب بھی موسمیاتی تبدیلیوں اور کمزور انفراسٹرکچر کے باعث شدید خطرات سے دوچار ہے۔ قیمتی جانوں کا ضیاع محض ایک عدد نہیں بلکہ ایسے خاندانوں کا المیہ ہے جو ایک لمحے میں اجڑ گئے۔ متعدد زخمی افراد، تباہ شدہ مکانات، ہلاک ہونے والے مویشی اور سینکڑوں ایکڑ پر کھڑی فصلوں کی بربادی اس سانحے کے معاشی و سماجی اثرات کو مزید گہرا کرتی ہے۔ بالا ناڑی میں حفاظتی پشتے کا ٹوٹنا اور تقریباً 100 گھروں کا بہہ جانا واضح طور پر اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ حفاظتی اقدامات یا تو ناکافی تھے یا بروقت موثر نہیں بنائے جاسکے۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Devastating floods" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ کوئٹہ نے "**بلوچستان میں مسلم لیگی کارکنوں کی بے بسی** ؟" کے عنوان سے چوہدری شبیر احمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

اعلیٰ تعلقات عامہ
ومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 55 | ہفتہ 15 رشوال المکرم 1447ھ 4 راپریل 2026ء | نمبر 92

## نظر انداز طبقات کیلئے جامع اقدامات کا آغاز

# ترقی کے عمل میں کسی طبقے کو پیچھے نہیں چھوڑا جائے، وزیراعلیٰ بگٹی

### نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں کو بااختیار بنانا ترقی یافتہ اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہے، ایف ڈی آئی پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظر انداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کے لیے حکومت بلوچستان نے تاریخ ساز اور جامع اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، جن کے مثبت اثرات بتدریج سامنے آ رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب نے ملاقات کی جس میں خواتین، نوجوانوں اور دیگر پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے جاری منصوبوں اور پالیسی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ٹرانس جینڈر پالیسی کی تشکیل میں ایف ڈی آئی پاکستان کی معاونت کو سراہتے ہوئے ادارے کی سربراہ عظمیٰ یعقوب کو حسنِ کارکردگی سرٹیفکیٹ دیا اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ، پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم جیسے منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ کے تحت خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پانچ لاکھ سے پندرہ لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ مالی طور پر خودمختار ہو سکیں اسی طرح پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم خواتین کی محفوظ اور باعزت سفری سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی پہلی جامع یوتھ پالیسی کی منظوری سے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ دی گئی ہے جبکہ ٹرانس جینڈر پالیسی کے تحت معاشرے کے اس نظر انداز طبقے کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں اقلیتوں کی بہبود کے لئے بلوچستان میں پہلا خصوصی انڈومنٹ فنڈ بھی قائم کیا جا چکا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے صوبے کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا ہے بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے ذریعے میٹرک سے اعلیٰ تعلیم تک دنیا کی 200 عالمی جامعات کے دروازے بلوچستان کے طلبہ کے لیے کھول دیئے گئے ہیں۔

# ذوالفقار علی بھٹو دور اندیش، عوام دوست اور تاریخ ساز شخصیت تھے، سرفراز بگٹی

### صوبائی حکومت ترقی، خوشحالی اور استحکام کے اہداف کے حصول کیلئے پرعزم ہے، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 47 ویں برسی کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک دور اندیش، عوام دوست اور تاریخی کردار کے حامل شخصیت تھے، جنہوں نے پاکستان کی ناقابلِ تسخیر ایٹمی طاقت، آئینی، سیاسی اور معاشرتی بنیادیں مضبوط کیں اور محروم طبقات کے حقوق و وقار کے تحفظ کو ہمیشہ اولین ترجیح دی وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج ملک کا دفاع جوہری ٹیکنالوجی کی بدولت ناقابلِ تسخیر ہے، اس کی ابتداء قائدِ عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے کی انہوں نے مزید کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے آئینی طور پر عوام کو طاقتور بنایا اور سیاست کو اشرافیہ کے گرد گھومنے والی سرگرمیوں سے نکال کر عوام تک پہنچایا۔ ان کی قیادت میں عوام کو ووٹ کی طاقت ملی، قومی ادارے مضبوط ہوئے اور ملکی پالیسی سازی میں عوامی امنگوں کی ترجمانی کو یقینی بنایا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھٹو شہید نے ملکی دفاع، ایٹمی پروگرام اور قومی خودمختاری کے لیے تاریخی فیصلے کیے اور پاکستان کی عالمی پوزیشن کو مستحکم بنایا۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 15 شوال 1447ھ 04 اپریل 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 269

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# اقلیتوں و ٹرانس جینڈرز کی فلاح حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

ٹرانس جینڈر پالیسی کے تحت معاشرے کے نظرانداز طبقے کو تعلیم، روزگار اور ترقی سمیت ہر شعبہ میں مساوی مواقع فراہم کیے گئے

اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے لیے سالانہ ایک سو سے زائد خصوصی اسکالرشپس بھی مختص کی گئی ہیں، عظمیٰ یعقوب سے بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظر انداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کے لیے حکومت بلوچستان نے تاریخ ساز اور جامع اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، جن کے مثبت اثرات بتدریج سامنے آ رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب نے ملاقات کی جس میں خواتین، نوجوانوں......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اور دیگر پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے جاری منصوبوں اور پالیسی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ٹرانس جینڈر پالیسی کی تشکیل میں ایف ڈی آئی پاکستان کی معاونت کو سراہتے ہوئے ادارے کی سربراہ عظمیٰ یعقوب کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دیا اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ، پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم جیسے منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ کے تحت خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پانچ لاکھ سے پندرہ لاکھ روپے تک کے بلا سود قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ مالی طور پر خودمختار ہو سکیں اسی طرح پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم خواتین کی محفوظ اور باعزت سفری سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی پہلی جامع یوتھ پالیسی کی منظوری سے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ دی گئی ہے

## وزیراعلیٰ کے معاون برائے میڈیا کا سردار اسلم بزنجو و سینیٹر طاہر بزنجو سے اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے نیشنل پارٹی کے رہنماء سردار محمد اسلم بزنجو اور سینیٹر طاہر بزنجو کے بھائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں شاہد رند نے مرحوم کے انتقال کو سوگوار خاندان کے لئے ایک بڑا صدمہ قرار دیتے ہوئے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے معاون وزیراعلیٰ برائے سیاسی امور شاہد رند نے کہا کہ وہ دکھ کی اس گھڑی میں بزنجو خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔


## شہید بھٹو نے محروم طبقات کے حقوق کو ترجیح دی، وزیراعلیٰ

پاکستان کو ناقابلِ تسخیر طاقت بنانے کیلئے ایٹمی پروگرام شروع کروایا


شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پالیسی سازی میں عوام کی ترجمانی کی، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 47ویں برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک دوراندیش، عوام دوست اور تاریخی کردار کی حامل شخصیت تھے، جنہوں نے پاکستان کو ناقابلِ تسخیر ایٹمی طاقت بنانے، آئینی، سیاسی اور معاشرتی بنیادیں مضبوط کیں اور محروم طبقات کے......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

حقوق و وقار کے تحفظ کو ہمیشہ اولین ترجیح دی وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج ملک کا دفاع جوہری ٹیکنالوجی کی بدولت ناقابل تسخیر ہے، اس کی ابتداء قائدِ عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے کی انہوں نے مزید کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے آئینی طور پر عوام کو طاقتور بنایا اور سیاست کو اشرافیہ کے گرد گھومنے والی سرگرمیوں سے نکال کر عوام تک پہنچایا۔ ان کی قیادت میں عوام کو ووٹ کی طاقت ملی، قومی ادارے مضبوط ہوئے، اور ملکی پالیسی سازی میں عوامی امنگوں کی ترجمانی کو یقینی بنایا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھٹو شہید نے ملکی دفاع، ایٹمی پروگرام اور قومی خودمختاری کے لیے تاریخی فیصلے کیے اور پاکستان کی عالمی پوزیشن کو مستحکم بنایا۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی ایف ڈی آئی پاکستان کی سربراہ عظمیٰ یعقوب کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی سربراہ عظمیٰ یعقوب ملاقات کر رہی ہیں

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل بی I-4

قیمت 30 روپے

صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | ہفتہ 04 اپریل 2026ء بمطابق 15 شوال المکرم 1447ھ | شمارہ نمبر 92

جامع یوتھ پالیسی روشن مستقبل کی بنیاد

# ترقی کے عمل میں کسی طبقے کو پیچھے نہیں چھوڑا جائیگا: وزیر اعلیٰ

## نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظر انداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کیلئے حکومت نے تاریخ ساز جامع اقدامات کا آغاز کر دیا

### ایف ڈی آئی پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی ملاقات، جاری منصوبوں اور پالیسی اقدامات پر تبادلہ خیال، سرفراز بگٹی نے عظمیٰ یعقوب کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظر انداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کے لئے حکومت بلوچستان نے تاریخ ساز اور جامع اقدامات کا آغاز کر دیا، جن کے مثبت اثرات بتدریج سامنے آرہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب نے ملاقات کی جس میں خواتین، نوجوانوں اور دیگر پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لئے جاری منصوبوں بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

اور پالیسی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے ٹرانس جینڈر پالیسی کی تشکیل میں ایف ڈی آئی پاکستان کی معاونت کو سراہتے ہوئے ادارے کی سربراہ عظمیٰ یعقوب کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دیا۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری شکیل قادر خان بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ، پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم جیسے منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ کے تحت خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لئے پانچ سے پندرہ لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضے فراہم کئے جارہے ہیں تاکہ وہ مالی طور پر خودمختار ہو سکیں، اسی طرح پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم خواتین کی محفوظ اور باعزت سفری سہولیات کی فراہمی کی جانب اہم سنگ میل ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی پہلی جامع یوتھ پالیسی کی منظوری سے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ دی گئی جبکہ ٹرانس جینڈر پالیسی کے تحت معاشرے کے اس نظر انداز طبقے کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کئے جارہے ہیں، انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں عملی اقدامات کئے جارہے ہیں، اقلیتوں کی بہبود کے لئے بلوچستان میں پہلا خصوصی انڈومنٹ فنڈ بھی قائم کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے صوبے کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا ہے، بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے ذریعے میٹرک سے اعلیٰ تعلیم تک دنیا کی 200 عالمی جامعات کے دروازے بلوچستان کے طلبہ کے لئے کھول دیئے گئے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وطن عزیز پر جان نچھاور کرنے والے شہداء اور سویلین شہداء کے بچوں کے 16 سالہ تعلیمی اخراجات حکومت برداشت کر رہی ہے جبکہ اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے لئے سالانہ ایک سو سے زائد خصوصی اسکالرشپس بھی مختص کی گئی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان معاشرے کے تمام طبقات کو مساوی مواقع فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے اور ترقی کے عمل میں کسی بھی طبقے کو پیچھے نہیں چھوڑا جائے گا، تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبوں میں شمولیتی پالیسیوں کے ذریعے پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جا رہا ہے سماجی انصاف کے فروغ کے لیے سنجیدہ اور موثر اقدامات جاری ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور دیگر نظر انداز طبقات کو بااختیار بنانا ایک ترقی یافتہ اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہے اور صوبائی حکومت اس مقصد کے حصول کے لئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لارہی ہے۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی کی سربراہ عظمیٰ یعقوب ملاقات کر رہی ہیں

# شہید بھٹو کی قیادت میں عوام کو ووٹ کی طاقت ملی، سرفراز بگٹی

## جدوجہد کو مشعل راہ بناتے ہوئے بلوچستان میں بھی شفاف حکمرانی اور عوامی فلاح کیلئے اقدامات جاری ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 47ویں برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایک دور اندیش، عوام دوست بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

اور تاریخی کردار کی حامل شخصیت تھے، جنہوں نے پاکستان کی ناقابل تسخیر ایٹمی طاقت، آئینی، سیاسی اور معاشرتی بنیادیں مضبوط کیں اور محروم طبقات کے حقوق و وقار کے تحفظ کو ہمیشہ اولین ترجیح دی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آج ملک کا دفاع جوہری ٹیکنالوجی کی بدولت ناقابل تسخیر ہے، اس کی ابتداء قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے آئینی طور پر عوام کو طاقتور بنایا اور سیاست کو اشرافیہ کے گرد گھومنے والی سرگرمیوں سے نکال کر عوام تک پہنچایا۔ ان کی قیادت میں عوام کو ووٹ کی طاقت ملی، قومی ادارے مضبوط ہوئے اور ملکی پالیسی سازی میں عوامی امنگوں کی ترجمانی کو یقینی بنایا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھٹو شہید نے ملکی دفاع، ایٹمی پروگرام اور قومی خودمختاری کے لئے تاریخی فیصلے کئے اور پاکستان کی عالمی پوزیشن کو مستحکم بنایا۔ ان کی وژنری قیادت آج بھی ملکی خارجہ پالیسی، عالمی تعلقات اور ترقی کی سمت کا رہنما اصول ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوام کے لئے ان کی جدوجہد کو مشعل راہ بناتے ہوئے بلوچستان میں بھی شفاف حکمرانی، موثر سروس ڈلیوری اور عوامی فلاح کے لئے اقدامات جاری ہیں۔ صوبائی حکومت ترقی، خوشحالی اور استحکام کے اہداف کے حصول کے لئے پرعزم ہے تاکہ بلوچستان کے عوام کو بہتر سہولیات، مساوی مواقع اور روشن مستقبل فراہم کئے جاسکیں۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 38 | جمعۃ المبارک 03 اپریل 2026ء بمطابق 14 شوال المکرم 1447ھ | شمارہ نمبر 91


# تعلیم وصحت کے شعبوں کی فعالیت موثر نظام حکمرانی کی علامت ہے، سرفراز بگٹی

گزشتہ تین ماہ کے دوران کھلی کچہریوں میں اساتذہ اور ڈاکٹرز کی غیر حاضری سے متعلق شکایات ایک فیصد سے بھی کم رہ گئی ہیں، وزیراعلیٰ کا سماجی رابطے کی سائٹ پر ٹویٹ

**سروس ڈیلیوری میں واضح بہتری، بلوچستان کا ہر اسکول اور اسپتال فعال کر کے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے**

کوئٹہ (این این آئی) سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران کھلی کچہریوں میں اساتذہ اور ڈاکٹرز کی غیر حاضری سے متعلق شکایات ایک فیصد سے بھی کم رہ گئی ہیں جو کہ حکومت کی بہتر مانیٹرنگ اور موثر گورننس کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم اور صحت کے اشاریوں میں نمایاں بہتری خوش آئند ہے اور اس سے عوام کا اعتماد حکومتی اقدامات پر مزید مستحکم ہوا ہے انہوں نے بتایا کہ کھلی کچہریوں میں عوامی شکایات کا ایک بڑا مسئلہ اساتذہ اور ڈاکٹرز کی غیر حاضری تھا تاہم مربوط حکمت عملی، سخت نگرانی اور بروقت شنوائی کے باعث اس مسئلے پر بڑی حد


بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر


قابو پالیا گیا ہے اب صورتحال یہ ہے کہ اداروں میں حاضری کو یقینی بنایا جا چکا ہے اور سروس ڈیلیوری میں واضح بہتری دیکھنے میں آرہی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ 9 ماہ کے دوران بلوچستان کے 36 اضلاع میں مجموعی طور پر 412 کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا، جن میں 3675 شکایات موصول ہوئیں ان شکایات کی بڑی تعداد تعلیمی اور صحت کے اداروں کی بندش اور عملے کی غیر حاضری سے متعلق تھی تاہم رواں سال مارچ کے مہینے میں موصول ہونے والی 871 شکایات میں سے صرف چار شکایات غیر حاضری سے متعلق تھیں جو اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ اصلاحاتی اقدامات موثر ثابت ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں میں اساتذہ اور ڈاکٹرز کی حاضری سے متعلق شکایات کا کم تناسب اس بات کا مظہر ہے کہ انتظامیہ عوامی مسائل کو سنجیدگی سے سن رہی ہے اور بروقت حل فراہم کر رہی ہے اب جبکہ غیر حاضری جیسے بنیادی مسائل پر قابو پایا جا چکا ہے عوام کی جانب سے سروس ڈیلیوری سے متعلق دیگر مسائل کی نشاندہی کی جا رہی ہے، جن کے حل کے لیے بھی حکومت متحرک ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اصلاحاتی ایجنڈے پر موثر عملدرآمد اور گورننس کی بہتری کے لیے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے فعال کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکرٹریز کمیٹی اور ڈویژنل و ضلعی انتظامی سربراہان کے اجلاسوں کا تسلسل سے انعقاد گڈ گورننس کے اہداف کے حصول میں معاون ثابت ہوا ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں گڈ گورننس اور شفافیت کو مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے اور حکومت عوامی مسائل کے حل اور سہولیات کی بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا ہر اسکول اور اسپتال فعال کر کے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے الحمدللہ ڈاکٹرز اور اساتذہ کی حاضری اور تعلیمی و صحت کے اداروں کی فعالیت ایک موثر اور جوابدہ نظام حکمرانی کی واضح علامت ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTOR
GENERAL OF
RELATIONS BAL

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-27 | ہفتہ 04 اپریل 2026ء بمطابق 15 شوال المکرم 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-91

# حکومت نے معاشرے کے ہر طبقے کو مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے جامع اقدامات کا آغاز کر دیا ہے

سرفراز بگٹی

## صوبے میں بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ، پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم جیسے منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے

## ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ کے تحت خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پانچ لاکھ سے پندرہ لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں

## پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم خواتین کی محفوظ اور باعزت سفری سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے، ایف ڈی آئی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظرانداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کے لیے حکومت بلوچستان نے تاریخ ساز اور جامع (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

شدید بارش اور ژالہ باری کے باعث شدید متاثر ہوا ہے۔ اس قدرتی آفت نے زمینداروں کی سال بھر کی محنت کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے، جس کے نتیجے میں انہیں بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجگور کے عوام پہلے ہی بارڈر بندش کے باعث شدید معاشی مشکلات اور فاقہ کشی جیسی صورتحال سے دوچار ہیں۔ ایسے حالات میں زراعت ہی واحد ذریعہ معاش بچا تھا، جس پر لوگوں نے بڑی امیدوں اور محنت سے فصلیں کاشت کیں، مگر حالیہ ژالہ باری نے ان تمام امیدوں کو ختم کر دیا ہے۔ اس تباہی کے باعث کروڑوں روپے کا نقصان ہو چکا ہے، جو مقامی آبادی کے لیے ایک بہت بڑا سانحہ ہے۔ اسداللہ بلوچ نے حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ بجگور اور ملحقہ علاقوں کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر سروے کروا کر نقصانات کا درست تخمینہ لگایا جائے اور زمینداروں و متاثرین کے نقصانات کا فوری اور منصفانہ ازالہ کیا جائے تاکہ وہ دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ متاثرہ عوام کو تنہا نہ چھوڑے بلکہ فوری عملی اقدامات اٹھا کر ان کی داد رسی کرے، تاکہ عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور مایوسی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

## وزیر اعلیٰ بلوچستان کا سردار محمد اسلم بزنجو سے تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نیشنل پارٹی کے رہنما سردار محمد اسلم بزنجو اور سینیٹر طاہر بزنجو کے بھائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں وزیر اعلیٰ نے مرحوم کے انتقال کو ایک بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 7 پر)

دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی سربراہ عظمیٰ یعقوب ملاقات کر رہی ہیں

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 29 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت | MEMBER OF APNS | شمارہ 41

ہفتہ 4 اپریل 2026ء | 15 شوال | 1447ھ | 15 روپے | رجسٹرڈ ڈی سی پی-10

# نوجوانوں، خواتین اور اقلیتوں کو با اختیار بنانا خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہے، سرفراز بگٹی

**نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظر انداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کیلئے حکومت نے تاریخ ساز اور جامع اقدامات کا آغاز کر دیا**

**بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ، پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم جیسے منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظر انداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کے لیے حکومت بلوچستان نے تاریخ ساز اور جامع اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، جن کے مثبت اثرات بتدریج سامنے آ رہے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب نے ملاقات کی جس میں خواتین، نوجوانوں اور دیگر پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے جاری منصوبوں اور پالیسی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ٹرانس جینڈر پالیسی کی تشکیل میں ایف ڈی آئی پاکستان کی معاونت کو سراہتے ہوئے ادارے کی سربراہ عظمیٰ یعقوب کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دیا اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ، پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم جیسے منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ کے تحت خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پانچ لاکھ سے پندرہ لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ مالی طور پر خودمختار ہو سکیں اسی طرح پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم خواتین کی محفوظ اور باعزت سفری سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی پہلی جامع یوتھ پالیسی کی منظوری سے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ دی گئی ہے جبکہ ٹرانس جینڈر پالیسی کے تحت معاشرے کے اس نظر انداز طبقے کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں اقلیتوں کی بہبود کے لئے بلوچستان میں پہلا خصوصی انڈومنٹ فنڈ بھی قائم کیا جا چکا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے صوبے کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا ہے۔ بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے ذریعے میٹرک سے اعلیٰ تعلیم تک دنیا کی 200 عالمی جامعات کے دروازے بلوچستان کے طلبہ کے لیے کھول دیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وطن عزیز پر جان نچھاور کرنے والے شہداء اور سویلین شہداء کے بچوں کے 16 سالہ تعلیمی اخراجات حکومت برداشت کر رہی ہے جبکہ اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے لیے سالانہ ایک سو سے زائد خصوصی اسکالرشپس بھی مختص کی گئی ہیں وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان معاشرے کے تمام طبقات کو مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور ترقی کے عمل میں کسی بھی طبقے کو پیچھے نہیں چھوڑا جائے گا تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبوں میں شمولیتی پالیسیوں کے ذریعے پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جا رہا ہے سماجی انصاف کے فروغ کے لیے سنجیدہ اور موثر اقدامات جاری ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور دیگر نظر انداز طبقات کو بااختیار بنانا ایک ترقی یافتہ اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہے اور صوبائی حکومت اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے

# شہید بھٹو نے پاکستان کو ناقابلِ تسخیر ایٹمی طاقت بنایا، وزیر اعلیٰ

**سیاست کو اشرافیہ کے گرد گھومنے والی سرگرمیوں سے نکال کر عوام تک پہنچایا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 47 ویں برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک دوراندیش، عوام دوست اور تاریخی کردار کے حامل شخصیت تھے، جنہوں نے پاکستان کی ناقابلِ تسخیر ایٹمی طاقت، آئینی، سیاسی اور معاشرتی بنیادیں مضبوط کیں اور محروم طبقات کے حقوق و وقار کے تحفظ کو ہمیشہ اولین ترجیح دی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آج ملک کا دفاع جوہری ٹیکنالوجی کی بدولت ناقابل تسخیر ہے، اس کی ابتدا قائدِ عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے کی انہوں نے مزید کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے آئینی طور پر عوام کو طاقتور بنایا اور سیاست کو اشرافیہ کے گرد گھومنے والی سرگرمیوں سے نکال کر عوام تک پہنچایا۔ ان کی قیادت میں عوام کو ووٹ کی طاقت ملی، قومی ادارے مضبوط ہوئے، اور ملکی پالیسی سازی میں عوامی امنگوں کی ترجمانی کو یقینی بنایا گیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھٹو شہید نے ملکی دفاع، ایٹمی پروگرام اور قومی خودمختاری کے لیے تاریخی فیصلے کیے اور پاکستان کی عالمی پوزیشن کو مستحکم بنایا۔ ان کی وژنری قیادت آج بھی ملکی خارجہ پالیسی، عالمی تعلقات اور ترقی کی سمت کا رہنما اصول ہے انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے مسلم دنیا کو متحد کرنے، فلسطینی کاز کی حمایت اور ترقی پذیر ممالک کے تعاون کے لیے متوازن پلیٹ فارم قائم کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ اگر وہ آج زندہ ہوتے تو مسلم امہ کے موجودہ چیلنجز اور عالمی مسائل بالکل مختلف ہوتے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام کے لیے ان کی جدوجہد کو مشعلِ راہ بناتے ہوئے بلوچستان میں بھی شفاف حکمرانی، موثر سروس ڈلیوری اور عوامی فلاح کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت ترقی، خوشحالی اور استحکام کے اہداف کے حصول کے لیے پرعزم ہے تاکہ بلوچستان کے عوام کو بہتر سہولیات، مساوی مواقع اور روشن مستقبل فراہم کیے جا سکیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قائدین کی قربانیاں اور وژن ہمیں یہ سبق دیتے ہیں کہ عوامی فلاح، مساوات اور عدل کے اصولوں کے لیے مسلسل جدوجہد ضروری ہے، اور یہی عزم بلوچستان اور پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی کی سربراہ عظمیٰ یعقوب ملاقات کر رہی ہیں

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 81 | ہفتہ 4 اپریل 2026ء 15 شوال 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 93


وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایف ڈی آئی پاکستان کی سربراہ عظمیٰ یعقوب کو بلوچستان کی پہلی ٹرانس جینڈرز پالیسی کی تشکیل میں معاونت پر حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

# ترقی کے عمل میں تمام طبقات کو یکساں مواقع فراہم کریں گے

## وزیراعلیٰ بلوچستان

### نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور دیگر نظر انداز طبقات کو بااختیار بنانا ترقی یافتہ اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہے

### تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبوں میں شمولیتی پالیسیوں کے ذریعے پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جا رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظر انداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کے لیے حکومت بلوچستان نے تاریخ ساز اور جامع اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، جن کے مثبت اثرات بتدریج سامنے آ رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب نے ملاقات کی جس میں خواتین، نوجوانوں اور دیگر پسماندہ طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے جاری منصوبوں اور پالیسی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ٹرانس جینڈر پالیسی کی تشکیل میں ایف ڈی آئی پاکستان کی معاونت کو سراہتے ہوئے ادارے کی سربراہ عظمیٰ یعقوب کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ دیا اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام، ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ، پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم جیسے منصوبوں پر تیزی سے پیش رفت جاری ہے ویمن اکنامک انڈومنٹ فنڈ کے تحت خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پانچ لاکھ سے پندرہ لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ مالی طور پر خودمختار ہو سکیں اسی طرح پنک بس سروس اور پنک اسکوٹیز اسکیم خواتین کی محفوظ اور باعزت سفری سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی پہلی جامع یوتھ پالیسی کی منظوری سے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ دی گئی ہے جبکہ ٹرانس جینڈر پالیسی کے تحت معاشرے کے اس نظر انداز طبقے کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں

انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں اقلیتوں کی بہبود کے لئے بلوچستان میں پہلا خصوصی انڈومنٹ فنڈ بھی قائم کیا جا چکا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے صوبے کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکالرشپ پروگرام متعارف کرایا ہے بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے ذریعے میٹرک سے اعلیٰ تعلیم تک دنیا کی 200 عالمی جامعات کے دروازے بلوچستان کے طلبہ کے لیے کھول دیے گئے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ وطن عزیز پر جان نچھاور کرنے والے شہداء اور سویلین شہداء کے بچوں کے 16 سالہ تعلیمی اخراجات حکومت برداشت کر رہی ہے جبکہ اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے لیے سالانہ ایک سو سے زائد خصوصی اسکالرشپس بھی مختص کی گئی ہیں وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان معاشرے کے تمام طبقات کو مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور ترقی کے عمل میں کسی بھی طبقے کو پیچھے نہیں چھوڑا جائے گا تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبوں میں شمولیتی پالیسیوں کے ذریعے پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جا رہا ہے سماجی انصاف کے فروغ کے لیے سنجیدہ اور مؤثر اقدامات جاری ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور دیگر نظر انداز طبقات کو بااختیار بنانا ایک ترقی یافتہ اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہے اور صوبائی حکومت اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے


وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایف ڈی آئی پاکستان کی سربراہ عظمیٰ یعقوب ملاقات کر رہی ہیں

CamScanner

Daily Qudrat Quetta
قدرت کوئٹہ
جلد 21 — ہفتہ 04 اپریل 2026ء، 15 شوال 1447ھ

# حکومت بلوچستان معاشرے کے تمام طبقات کو مساوی مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے

میر سرفراز بگٹی

## خواتین، اقلیتوں اور دیگر نظرانداز طبقات کو بااختیار بنانا ترقی یافتہ اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہے، حکومت بلوچستان معاشرے کے تمام طبقات کو مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

...پروگرام کے ذریعے میٹرک سے اعلیٰ تعلیم تک، دنیا کی 200 اعلیٰ جامعات کے دروازے بلوچستان کے طلبہ کے لیے کھول دیے گئے ہیں...

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی سمیت نظرانداز طبقات کی سماجی ترقی اور خوشحالی کے لیے حکومت بلوچستان نے جامع اور ... اقدامات کا آغاز کر دیا ہے جن کے مثبت نتائج بتدریج سامنے آ رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ...



CLIPPING SERVICE

Balochistan Tim

of 92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1417 QUETTA Saturday April 04, 2026 / Shawwal 15, 1447

# Balochistan launches landmark inclusive reforms

**Staff Report**

**QUETTA:** The Balochistan government has launched historic and comprehensive measures for the social development and prosperity of the neglected communities including youth, women, minorities and the transgender community in Balochistan, the positive effects of which are gradually emerging. Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti was met by FDI Pakistan Executive Director Uzma Yaqoob, in which ongoing projects and policy initiatives for the welfare of women, youth and other disadvantaged communities were discussed. On this occasion, the Chief Minister Balochistan appreciated the assistance of FDI Pakistan in the formulation of the transgender policy and presented a certificate of excellence to the head of the institution Uzma Yaqoob. Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan was also present on the occasion. Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti said that rapid progress is being made in the province on projects like Benazir Bhutto Scholarship Program, Women Economic Endowment Fund, Pink Bus Service and Pink Scooties Scheme. Under the Women Economic Endowment Fund, interest-free loans of Rs. 500,000 to Rs. 1.5 million are being provided to women for the promotion of business activities so that they can become financially independent. Similarly, the Pink Bus Service and Pink Scooties Scheme are an important milestone towards providing safe and dignified travel facilities to women. The Chief Minister said that the foundation for a bright future of the youth has been laid with the approval of Balochistan's first comprehensive youth policy, while under the transgender policy, equal opportunities for education, employment and development are being provided to this neglected segment of the society. He said that the welfare of minorities is among the top priorities of the government and practical steps are being taken in this regard. The first special endowment fund has also been established in Balochistan for the welfare of minorities. He said that the Balochistan government has introduced the biggest scholarship program in the history of the province. Through the Benazir Bhutto Scholarship Program, the doors of 200 international universities around the world have been opened for Balochistan students from matriculation to higher education. The Chief Minister said that the government is bearing the 16-year educational expenses of the children of martyrs and civilian martyrs who sacrificed their lives for the beloved homeland, while more than one hundred special scholarships have also been allocated annually for minorities and the transgender community. The Chief Minister reiterated the commitment that the Balochistan government is committed to providing equal opportunities to all sections of the society and no section will be left behind in the process of development. Sustainable development is being ensured through inclusive policies in the fields of education, health and employment. Serious and effective steps are being taken to promote social justice. Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said that empowering youth, women, minorities and other neglected sections is the foundation of a developed and prosperous Balochistan and the provincial government is utilizing all possible resources to achieve this goal.

# CM Bugti expresses condolences on death of Sardar Bizenjo's brother

**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfraz Bugti, has expressed deep sorrow and grief over the passing of the brother of National Party leader Sardar Muhammad Aslam Bizenjo and Senator Tahir Bizenjo. In his condolence statement, the Chief Minister termed the demise of the deceased as a great tragedy and expressed heartfelt sympathy and condolences to the bereaved family. He prayed that Allah Almighty grant the deceased a place in His mercy and give the bereaved family the strength to bear this loss with patience and fortitude. Chief Minister Mir Sarfraz Bugti said that in this moment of grief, he equally shares in the sorrow of the bereaved family.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

..llet No. 1

Dated: 04 APR 2026 Page No. 14


## صوبے سے دہشت گردی کے خاتمے کا عزم کر رکھا ہے، ضیا

### احتشام گجر کے قتل میں ملوث ملزمان کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، لواحقین سے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی بحالی اور عوام کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے صوبے سے دہشت گردی کے خاتمے کا عزم کر رکھا ہے ملزمان کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا حکومت شہید احتشام گجر کے غم میں غمزدہ خاندان کے ساتھ ہے، ان خیا... اظہار انہوں نے بزارگنجی میں نامعلوم ا... فائرنگ سے ہونے والے احتشام گجر شہ... لواحقین سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی... کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا انہ... کہا کہ دہشت گردی کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے ح... سیکورٹی فورسز اور عوام متحد ہیں، حکومت بلوچ... کی گھڑی میں غمزدہ خاندان کے ساتھ بر... شریک ہے لواحقین خود کو تنہا نہ سمجھے حکومت... تعاون کے لئے تیار ہے واقعے میں ملوث ملز... جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 04 APR 2026 Page No. 15

# پبلک ٹرانسپورٹ کے فیڈر روٹس کے تعین کیلئے سروے تیز کیا جائے، بلوچستان ہائیکورٹ

## جامع رپورٹ پیش کی جائے تاکہ گرین بس، کوسٹر یا ویگن کو روٹس پر چلانے کا فیصلہ کیا جائے، حکام کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عدلیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کوئٹہ میں لوکل ٹرانسپورٹ اور شہری ٹریفک سے متعلق دائر درخواست کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کی جانب سے پٹیشن کا ترمیم شدہ عنوان عدالت میں جمع کرایا گیا جسے عدالت نے ریکارڈ کا حصہ بنا لیا۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے آرڈر ون رول 10 سی پی سی کے تحت دائر سی ایم اے نمبر 664/ 2026 کا جواب اور دیگر متعلقہ دستاویزات عدالت میں جمع کرائیں جن کی نقول درخواست گزاروں کے وکیل ولی خان نصر ایڈووکیٹ کو فراہم کر دی گئیں۔ وکیل نے دستاویزات کا جائزہ لینے کے لیے مہلت طلب کی جبکہ سرکاری وکیل کا کہنا تھا کہ تمام جوابات مکمل ہو چکے ہیں اور حکومت دلائل کے لیے تیار ہے۔ عدالت کے روبرو بلوچستان ٹریفک انجینئرنگ بیورو اور بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کی جانب سے پیش رفت رپورٹس بھی پیش کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق سال 2024 میں رکشہ روٹ پرمٹس سے 50 لاکھ 38 ہزار روپے جبکہ 2025 میں ایک کروڑ 4 لاکھ 54 ہزار 800 روپے ریونیو وصول کیا گیا۔ اسی طرح 2024 کے دوران مجموعی طور پر 815 کمپیوٹرائزڈ رکشہ روٹ پرمٹس جاری کیے گئے جبکہ 2025 میں ان کی تعداد بڑھ کر تقریباً 3300 تک پہنچ گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ غیر قانونی رکشوں اور ٹریفک خلاف ورزیوں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں۔ اکتوبر 2024 سے دسمبر 2024 تک 820 رکشے ضبط کیے گئے جن میں سے 622 تصدیق شدہ جبکہ 198 غیر قانونی تھے۔ سال 2025 میں 849 رکشے ضبط کیے گئے جبکہ یکم جنوری 2026 سے 26 مارچ 2026 تک مزید 117 رکشوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ اسی طرح ٹنٹڈ شیشوں اور فینسی نمبر پلیٹس کے خلاف بھی ہزاروں گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں۔ عدالت کو یہ بھی بتایا گیا کہ کوئٹہ میں ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کے لیے جدید آلات اور گاڑیاں خریدنے کی تجویز دی گئی ہے جن میں فورک لفٹرز، جی پی ایس ٹریکنگ سسٹم سے لیس گاڑیاں، پٹرولنگ بائیکس اور ایس ایس پی ٹریفک آفس کوئٹہ میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا قیام شامل ہے۔ اس کے علاوہ، جی پی او چوک، سیرینا چوک اور دیگر اہم مقامات پر ٹریفک سگنلز اور انفراسٹرکچر کی تنصیب کا عمل جاری ہے جو اپریل 2026 کے اختتام تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔ عدالت کو یہ بھی بتایا گیا کہ کوئٹہ کے سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ میں الیکٹرک وہیکلز (ای وی) منصوبہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت شروع کیا جا رہا ہے جس کے تحت ابتدائی مرحلے میں تین روٹس پر 30 الیکٹرک گاڑیاں چلائی جائیں گی جبکہ حکومت چارجنگ انفراسٹرکچر، سولر سسٹم اور بیٹری سوئپنگ اسٹیشنز فراہم کرے گی۔ منصوبے کے لیے قومی سطح پر ٹینڈر جاری کیا گیا جس میں ایم/ایس تاج انٹرپرائزز اور ایم/ایس ٹریکیو سلوشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے مشترکہ منصوبے کو بہترین بولی دہندہ قرار دیا گیا ہے۔ ورک آرڈر جاری ہونے کے بعد 60 سے 75 دن کے اندر الیکٹرک گاڑیوں کے آپریشن شروع ہونے کی توقع ہے۔

# اہم نوعیت کے منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے، چیف جسٹس بلوچستان

## جسٹس محمد کامران خان ملاخیل کو سیکرٹری مواصلات کی بریفنگ، ڈیزائن پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے بلوچستان ہائی کورٹ کی عمارت کے توسیعی منصوبے اور سبی میں زیر تعمیر جوڈیشل کمپلیکس و بار کونسل منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان چیف انجینئر کوئٹہ زون عبدالرحیم بنگلزئی چیف آرکیٹیکٹ ڈاکٹر سہراب مری ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگ کچلاک ڈویژن عمر منیر سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے، دورے کے دوران سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے چیف جسٹس کو جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے منصوبوں سے متعلق تکنیکی امور، ڈیزائن در پیش مسائل اور تکمیل کے مجوزہ ٹائم فریم پر تفصیلی بریفنگ دی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کا کہنا تھا کہ تمام منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے اور وہ خود ان کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں تاکہ معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو اس موقع پر چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے ہدایت دی کہ ان اہم نوعیت کے منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے تاکہ عدالت عالیہ آنے والے سائلین کو مزید سہولیات میسر آسکیں۔

# چینی سرمایہ کاری صوبے کی ترقی وخوشحالی میں کردار ادا کر رہی ہے، بلال کاکڑ

## ...پیک جیسے منصوبے پاک چین دوستی کو مزید بلندیوں کی جانب لے جا رہے ہیں، سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (خ ن) پاک چین اقتصادی و ...ثقافتی کونسل کے زیر اہتمام اسلام آباد میں ایک اعلیٰ ...سطح کا سیمینار بعنوان ''چین کی جدیدیت کا ...سفر، کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی قیادت، وژن اور ...مشترکہ مستقبل'' کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت پاک چین اقتصادی و ثقافتی کونسل کے صدر بایزید کاسی نے کی۔ سیمینار سے اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق مستقل نمائندہ اکرم ذکی، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ، کاروباری شخصیات ارسلان، عمر ملک اور مالیاتی ماہر اویس طارق نے خطاب کیا۔ دیگر شرکاء میں نبیلہ جعفر، مصطفیٰ حیدر سید، میاں ابرار حسین، فرمان اللہ انجم، انجینئر احسان اللہ خان، یاسر تابان اور دیگر شریک ہوئے۔ بلال خان کاکڑ نے اپنے خطاب میں چین کی سماجی و معاشی ترقی میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کے کلیدی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ چین کی تیز رفتار ترقی اور بڑھتی ہوئی معیشت خطے کے تمام ممالک کیلئے رول ماڈل ہے، انہوں نے کہا کہ چین پاکستان کا قابل اعتماد دوست اور شراکت دار ہے، سی پیک جیسے منصوبے اس دوستی کو مزید بلندیوں کی جانب لے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سی پیک کے منصوبے اور چینی سرمایہ کاری صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی میں کردار ادا کر رہی ہے، بلوچستان کی حکومت اور عوام اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، مقررین نے کہا کہ کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی بصیرت افروز قیادت کے تحت چین نے غربت کے خاتمے، تیز رفتار صنعتی ترقی، ٹیکنالوجی میں جدت، اور پائیدار معاشی نمو جیسے اہم اہداف حاصل کیے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ چین کا طرز حکمرانی، جو طویل المدتی پالیسی تسلسل، میرٹ پر مبنی قیادت اور عوامی فلاح پر مرکوز ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated 04 APR 2026 Page No. 16

# گوادر کو جدید شہر بنانے کا عزم، اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبوں کا افتتاح

## مولانا ہدایت الرحمان اور معین الرحمان نے شاہین، بی اینڈ آر چوک، ہسپتال روڈ، تھانہ وارڈ، بی اینڈ آر لنک روڈ سمیت مختلف منصوبوں کا افتتاح کیا

**بیشتر علاقوں میں نکاسی آب کا نظام بہتر ہوا، دیگر علاقوں میں جلد کام شروع ہوگا، رکن اسمبلی، منصوبوں کی تکمیل پر سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے**

گوادر (این این آئی) گوادر میں تاریخی ترقیاتی پیش رفت، اولڈ ٹاؤن بحالی کے بڑے منصوبوں کا بیک وقت افتتاح، مزید علاقوں میں فوری ترقیاتی کام شروع کرنے کا اعلان، گوادر کو جدید شہر بنانے کا عزم، رکن اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن اور ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان نے جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت شاہین چوک، بی اینڈ آر چوک، ہسپتال روڈ، تھانہ وارڈ، بی اینڈ آر لنک روڈ سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر شاہین چوک اور بی اینڈ آر چوک میں افتتاحی تختیوں کی رونمائی بھی کی گئی۔ تقریب میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈ نادر بلو، پی ڈی واٹر میر جان بلوچ، ڈپٹی پی ڈی اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ محمد آصف، سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی شریف میاں داد،

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

کونسلرز اور جی ڈی اے کے افسران کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ اس موقع پر رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یہ علاقے ماضی میں بارشوں کے بعد سیلابی صورتحال اور تالاب کا منظر پیش کرتے تھے تاہم جی ڈی اے کے ترقیاتی منصوبوں کی بدولت آج بارشوں کے چند دن بعد ہی یہ علاقے صاف ستھرے اور بہتر حالت میں نظر آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت شہر کے بیشتر علاقوں میں نکاسی آب کا نظام بہتر ہوا ہے، جس کے مثبت نتائج حالیہ بارشوں میں واضح طور پر دیکھنے میں آئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ باقی ماندہ علاقوں جن میں ٹی ٹی سی کالونی، بخشی کالونی، شیخ اسماعیل وارڈ اور پرانی آبادی کے دیگر حصے شامل ہیں میں بھی جلد ترقیاتی کام شروع کیے جائیں گے تاکہ پورے شہر میں یکساں بہتری لائی جا سکے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن نے کہا کہ جی ڈی اے گوادر شہر کو ماسٹر پلان کے تحت جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر ترقی دے رہی ہے۔ ساتھ ہی پرانی آبادی کی بہتری، اپ گریڈیشن، سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر و توسیع، ڈرینج اور سیوریج سسٹم کی بحالی سمیت مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد شہر کے انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانا، گوادر کو مزید خوبصورت بنانا اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ ڈی جی جی ڈی اے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ادارہ اپنے تمام منصوبوں میں معیار اور مقررہ مدت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتا اور ان اصولوں پر سختی سے عملدرآمد جاری رکھا جائے گا۔

# کارڈیک سینٹر سے جدید طبی سہولیات میسر آئینگی، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات

**منصوبے کا معائنہ، کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار، ایڈیشنل سیکرٹری صحت و دیگر حکام بھی موجود تھے**

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے انسٹیٹیوٹ آف کارڈیک سینٹر میں جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ شہک بلوچ ایڈیشنل سیکرٹری ثاقب خان ایم ڈی کارڈیک سینٹر چیف انجینئر کوئٹہ زون عبدالرحیم ہنگورئی ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگ سریاب ڈویژن چاکر رفیق بلوچ سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے دورے کے دوران ایگزیکٹو انجینئر چاکر رفیق بلوچ نے منصوبے پر پیشرفت کے حوالے سے جامع بریفنگ دی انہوں نے بتایا کہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

کارڈیک سینٹر کا یہ اہم منصوبہ تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے اور اس وقت فنشنگ کا کام تیزی سے جاری ہے جو جلد مکمل کر لیا جائے گا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے منصوبے پر جاری کام کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ کارڈیک سینٹر ایک نہایت اہم نوعیت کا منصوبہ ہے جس کی تکمیل سے کوئٹہ شہر اور گردونواح کے عوام کو دل کے امراض کے علاج کے لیے جدید اور معیاری طبی سہولیات میسر آئیں گی انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کے باقی ماندہ کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated 04 APR 2026 Page No. 17


## کیوڈی اے کمیونٹی ہالز کی شفاف نیلامی سے خاطر خواہ آمدن متوقع

### ہاؤسنگ اسکیمز کمیونٹی ہالز کی نیلامی شفاف اور مسابقتی بڈنگ کے ذریعے کامیابی کے ساتھ مکمل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے تاریخ میں پہلی مرتبہ کیوڈی اے کی ہاؤسنگ اسکیمز کے کمیونٹی ہالز کی نیلامی کھلے، شفاف اور مسابقتی بڈنگ کے ذریعے کامیابی کے ساتھ منعقد کی شفافیت اور منصفانہ عمل کو یقینی بنانے کیلئے میڈیا نمائندگان اور احتسابی دفاتر کو بطور مبصر مدعو کیا گیا، جوکہ کیوڈی اے کی شفاف حکمرانی اور میرٹ پر مبنی فیصلوں کے......

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

عزم کا واضح ثبوت ہے۔ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ مذکورہ کمیونٹی ہالز ماضی میں بغیر کسی باقاعدہ طریقہ کار کے استعمال ہو رہے تھے اور بیشتر غیر فعال حالت میں تھے۔ اس تاریخی اقدام کے ذریعے نہ صرف ان کی موثر اور باقاعدہ استعمال کو یقینی بنایا گیا بلکہ ایک پائیدار آمدن کا ذریعہ بھی پیدا کیا گیا ہے۔ اس مسابقتی نیلامی کے نتائج درج ذیل ہیں: سیٹلائٹ ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم، کوئٹہ کے کمیونٹی ہال کی کامیاب بولی 516000 روپے ماہانہ رہی۔

## غیر قانونی پٹرولیم کا کاروبار کرنیوالوں کیخلاف گھیرا تنگ

### ایف آئی اے نے ڈپوؤں میں اسٹاک وریکارڈ کی جانچ شروع کردی

کوئٹہ (این این آئی) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی بلوچستان زون نے پیٹرولیم مصنوعات کی غیر قانونی تجارت کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے کوئٹہ......

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

میں پیٹرولیم ڈپوؤں کے اسٹاک اور ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال شروع کردی۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق کارروائی کے دوران پیٹرولیم اسٹاک کو رجسٹرز اور سرکاری دستاویزات سے ملا کر تصدیق کی گئی جبکہ اسٹاک رجسٹرز اور دیگر ریکارڈ کا تفصیلی معائنہ بھی کیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated 04 APR 2026 Page No. 12

# پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عوام پر بم گرانے کے مترادف ہے، پشتونخوا میپ

امن وامان کی صورتحال روز بروز بگڑتی جاری ہے پارٹی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مسترد کرتی ہے

ملک کے امور مسلط ناکام نااہل کرپٹ عناصر سے چلانا احمقوں کی جنت میں رہنے کے مترادف ہے، مرکزی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے پریس ریلیز میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں صرف ایک ماہ کے دوران تقریباً 75 فیصد اضافہ ملک کے عوام اور دنیا بھر کے ملکوں کیلئے باعث حیرانگی ہے اور 25 کروڑ عوام پر مہنگائی کا تاریخی بم گرانے کے سوا کچھ نہیں پارٹی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید الفاظ میں مذمت اور اسے یکسر طور پر مسترد کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جنگ سے دوچار ملک ایران نے نہ صرف اپنے ملازمین کی تنخواہیں بڑھا دی بلکہ تیل تمام دنیا میں سب سے سستی قیمت پر مہیا کی جا رہی ہے لیکن اس جنگ میں کردار ثالثی کے اخراجات اگر اٹھانے ہوتے ہیں تو پاکستان کو اپنے عوام پر بوجھ ڈالنے کی بجائے ثالثی کے ........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کردار کا خاتمہ کرنا ہوگا اور اپنے عوام کو ریلیف دینا ہوگا ملک کی صنعتی اور زرعی پیداوار میں کمی اور بیرونی تجارتی خسارے میں اضافہ گزشتہ 9 ماہ میں 22.65 فیصد بڑھ گیا ہے اور اس طرح ملک سے باہر جانے والی اشیاء میں 6.64 فیصد کمی ہوئی ہے جس سے ملکی معیشت بربادی کے دہانے پر پہنچا دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ امن وامان کی صورتحال روز بروز بگڑتی جارہی ہے، مہنگائی اور بیروزگاری میں سخت ترین اضافہ روزانہ کی بنیاد پر بڑھتا جا رہا ہے ملکی اندرونی صورتحال اور اختلافی اقتدار کی سخت ترین پامالی جاری ہے سویلین اقتدار کے خاتمے کی تگ ودو جاری ہے اور آنے والے بجٹ میں ضلعوں میں موجود سیکورٹی اداروں کیلئے اربوں روپے رکھے جارہے ہیں اور فارم 47 کے نمائندوں کو کروڑوں روپے تک محدود کردیا گیا بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کے امور مسلط ناکام نااہل کرپٹ عناصر سے چلانا احمقوں کی جنت میں رہنے کے مترادف ہے اور ملک پر مسلط اس ٹولے سے دنیا بھر میں ملک کی جگ ہنسائی ہورہی ہے۔

# پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے، اے این پی

حکومت اپنے اخراجات وشاہ خرچیاں کم کرنے کی بجائے عوام سے قربانیوں کا مطالبہ کررہی ہے، جو کسی صورت برداشت کے قابل نہیں

حکومتی اقدام سے مہنگائی کا طوفان آئیگا، حکومت فی الفور پٹرولیم لیوی میں کمی کرکے عوام کو مشکلات سے نجات دلائے، انجینئر زمرک اچکزئی

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ہوشربا اضافے کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے شرمناک اور عوام دشمن اقدام قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت عالمی حالات اور بین الاقوامی منڈی میں قیمتوں کے اتار چڑھاؤ کو جواز بنا کر عوام پر ظلم ڈھا رہی ہے، جس کی عوامی نیشنل پارٹی بھرپور مخالفت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ بے رحمی کے ساتھ کیا گیا حالیہ اضافہ کسی وقتی مجبوری کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک سوچی سمجھی پالیسی کا حصہ معلوم ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ قیمتوں کا تعلق عالمی منڈی سے کم اور حکومتی ٹیکسز، پٹرولیم لیوی اور ناقص معاشی ........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پالیسیوں سے زیادہ ہے، جن کا براہ راست بوجھ عوام پر ڈالا جارہا ہے۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے مزید کہا کہ حکومت ایک طرف کفایت شعاری کا ڈھنڈورا پیٹ رہی ہے جبکہ دوسری جانب اشرافیہ کے شاہانہ اخراجات میں کوئی کمی دیکھنے میں نہیں آرہی۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے قربانیوں کا مطالبہ کیا جارہا ہے مگر حکمران طبقہ اپنی مراعات اور فضول خرچی ترک کرنے کو تیار نہیں، جو کہ کھلا تضاد ہے۔ انہوں نے پٹرولیم لیوی میں حالیہ اضافے کو حکومت کی پالیسیوں کا واضح ثبوت قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکمران عوام سے مزید وسائل نچوڑنے میں مصروف ہیں

# حکومت تمام بوجھ غریب اور متوسط طبقے پر ڈال رہی ہے، بی این پی

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ بے تحاشا اضافے پر شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے ایک بار پھر تمام تر بوجھ غریب اور متوسط طبقے پر ڈال دیا ہے بیان میں کہا کہ پیٹرول، ڈیزل اور دیگر اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے، جبکہ .......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

حکمران طبقہ اپنی ناکام معاشی پالیسیوں کو چھپانے کیلئے مختلف حیلے بہانے اختیار کررہا ہے بیان میں مزید کہا کہ حکومت معیشت کو سہارا دینے کے نام پر ایسے ظالمانہ اقدامات کررہی ہے جن کا براہ راست اثر عام آدمی کی جیب پر پڑ رہا ہے مہنگائی کی اس نئی لہر سے نہ صرف روزمرہ زندگی متاثر ہوگی بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی شدید نقصان پہنچے گا حکمران طبقہ اپنی عیاشیوں اور شاہ خرچیوں کو برقرار رکھنے کیلئے غریب عوام کا خون نچوڑ رہا ہے، جبکہ معیشت کو سہارا دینے کے نام پر محض ڈرامہ رچایا جا رہا ہے بیان میں کہا گیا کہ فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ٹھوس اور عملی اقدامات کئے جائیں، بصورت دیگر بلوچستان نیشنل پارٹی عوام کے ساتھ مل کر اس ناانصافی کے خلاف ہر سطح پر آواز بلند کرے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 04 APR 2026

Page No. 12

# پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کیخلاف جماعت اسلامی کے مظاہرے و ریلیاں

## لورالائی، ژوب، ڈیرہ اللہ یار، جعفرآباد و دیگر اضلاع میں شہریوں کی بڑی تعداد احتجاجی مظاہروں میں شریک حکومتی پالیسیوں کیخلاف نعرے بازی

**حکمرانوں کی تنخواہوں و مراعات میں کمی کی بجائے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ظلم کے مترادف ہے نورالدین غلزئی، عبدالحمید ناصر**

کوئٹہ ( آن لائن ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کی کال پر ملک بھر کی طرح صوبہ بلوچستان بھر میں بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ہوشربا اضافے کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرے، ریلیاں اور جلسے منعقد کیے گئے لورالائی، ژوب، ڈیرہ اللہ یار، جعفرآباد سمیت اکثر ضلعی ہیڈکوارٹرز، اہم شہروں کے عوامی مقامات پر شہریوں کی بڑی تعداد نے احتجاجی مظاہروں میں شرکت کر کے حکومت کی پالیسیوں کے خلاف شدید ردعمل کا اظہار کیا جمعہ کے اجتماعات میں علماء کرام نے اپنے خطبات میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کو عوام پر ظلم قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کے باعث مہنگائی کا طوفان مزید شدت اختیار کر گیا ہے، جس نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ا..........

بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر قیمتوں میں کمی کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ڈیرہ اللہ یار، لورالائی، ژوب، اوستہ محمد، جعفرآباد اور دیگر اضلاع میں منعقدہ احتجاجی مظاہروں سے خطاب کرتے ہوئے نورالدین غلزئی، عبدالحمید ناصر، اخلاص ہمزازئی، کریم ناصر، فہد خان مندوخیل پروفیسر عبداللہ شاکر، پروفیسر مولانا محمد ایوب منصور محمد یوسف منگریو، منظور احمد کھوسہ آصف حسین نے کہا کہ موجودہ حکومت کی غلط معاشی پالیسیوں نے ملک کو شدید بحران سے دوچار کر دیا ہے ایران سمیت دیگر ممالک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہوا جبکہ ہمارے ہاں پیٹرولیم لیوی، فارم 47 کے حکمرانوں و مسلط لیڈروں کی تنخواہوں مراعات و مفت خوری میں کمی کی بجائے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ نہ صرف ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافے کا سبب بن رہا ہے بلکہ اشیاء خورد و نوش سمیت ہر چیز کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگے گی انہوں نے کہا کہ حکمران طبقہ عوامی مشکلات سے مکمل طور پر لاتعلق ہو چکا ہے

# عوام پر پیٹرول بم گرانا حکمرانوں کی سنگدلی کا ثبوت ہے، نیشنل پارٹی

**حکومتی فیصلے سے اشیاء خورد و نوش عام آدمی کی دسترس سے مکمل باہر ہو جائیں گی**

**حکومت اپنی شاہ خرچیوں پر قدغن اور عوام پر بوجھ کم کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے، ترجمان**

کوئٹہ ( آن لائن ) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ظالمانہ اضافے کو عوام پر براہ راست معاشی حملہ قرار دیتے ہوئے اسے مکمل طور پر مسترد کر دیا، ترجمان نے کہا کہ مہنگائی کے ہاتھوں پریشان عوام پر پیٹرول بم گرانا حکمرانوں کی سنگدلی، نااہلی اور عوام دشمن پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے یہ اضافہ دراصل..........

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

صل غریب دشمن معاشی ایجنڈے کا تسلسل ہے جس کے ذریعے عوام کا معاشی استحصال کرنا ہے انہوں نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی اور جنگی صورتحال کے اثرات پوری دنیا پر ضرور مرتب ہوئے ہیں، لیکن جس طرح پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کیا گیا ہے

# بلوچستان پولیس کی مہم جاری، 7 مغوی بازیاب، 744 منشیات فروش گرفتار

کارروائی کے دوران، راکٹ شیل، پسٹل، کلاشنکوف، رائفل، میگزین، راؤنڈز منشیات اور سینکڑوں شراب کی بوتلیں برآمد

بلوچستان پولیس بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنانے کیلئے فرائض منصبی احسن طریقے سے انجام دے رہی ہے"ترجمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان پولیس نے جرائم پیشہ عناصر، اشتہاری، مفرور، مطلوب سمیت سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران کوئٹہ سمیت صوبے کے 7 رینجز کے مختلف اضلاع میں کارروائیاں کرتے ہوئے 7 مغویوں کو بازیاب کراکر منشیات فروشوں سمیت دیگر وارداتوں میں ملوث 744 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن جس میں راکٹ شیل، پسٹل، کلاشنکوف، رائفل، درجنوں میگزین اور سینکڑوں راؤنڈ کے علاوہ بھاری مقدار میں منشیات اور سینکڑوں بوتل شراب کے ساتھ ساتھ ہزاروں لیٹر پیٹرول اور ڈیزل قبضے میں لیکر سینکڑوں گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور ڈیڑھ درجن گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں.......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

تھانوں میں بند کیں۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایت پر پولیس نے صوبہ بھر میں اشتہاری، مطلوب، مفرور منشیات فروشوں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں اور ایرانی پیٹرول مافیا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 84 منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے چرس 76.609 کلوگرام، آئس، شیشہ 3.614 کلوگرام، افیون 20 گرام، شراب کی 269 بوتلیں قبضے میں لیں اس کے علاوہ گاڑیاں، موٹر سائیکلیں، موبائل فون چھیننے، چوری کرنے اور راہزنی سمیت دیگر مقدمات میں مطلوب اشتہاری 86 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے پسٹل 76 عدد، کلاشنکوف 3 عدد، رائفل 7 عدد، راؤنڈ 461 عدد، میگزین 41 عدد اور راکٹ شیل ایک عدد قبضے میں لیا

## کوئٹہ زرغون آباد پولیس کی کارروائی 3 رکنی سنیچر گینگ اور اشتہاری ملزم سمیت 6 گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) زرغون آباد پولیس نے نواں کلی اور ملحقہ علاقوں میں اسٹریٹ کرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کے تدارک کیلئے کارروائی کرتے ہوئے 3 رکنی سنیچر گینگ اور اشتہاری ملزم سمیت 6 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2 موٹر سائیکلیں، اسلحہ برآمد کرکے قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ جنرل (ر) عمران شوکت کی خصوصی ہدایت پر ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان کی نگرانی میں ایس ایچ او زرغون آباد بابر بلوچ نواں کلی اور ملحقہ علاقوں میں اسٹریٹ کرائم کی بڑھتی ہوئی



# سوراب، نامعلوم مسلح افراد کا پی ڈی ایم اے کی مشینری لانیوالی گاڑیوں پر حملہ

گاڑیوں پر اندھادھند فائرنگ، واقعہ انجیرہ کراس پر پیش آیا، سیکورٹی فورسز کا علاقے میں سرچ آپریشن

کوئٹہ (آن لائن) سوراب کے علاقے انجیرہ کراس کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے کراچی سے پی ڈی ایم اے کی مشینری لانے والی گاڑیوں پر حملہ کردیا، جس کے نتیجے میں گاڑیوں بقیہ نمبر 76 صفحہ 5 پر

اور مشینری کو نقصان پہنچا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حملہ آوروں نے گاڑیوں پر اندھادھند فائرنگ کی اور ٹائروں کو نشانہ بنا کر ناکارہ کردیا۔ تاہم واقعے میں کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ واقعے کے فوراً بعد سیکورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مسلح افراد فائرنگ کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، تاہم ان کی گرفتاری کے لئے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 04 APR 2026 Page No. 21

# پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، ایل پی جی کی قلت پیدا ہوگئی

## جمعرات کے روز ایل پی جی 400 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت ہو رہی تھی، جمعہ کو 470 روپے تک قیمت پہنچ گئی

## مارکیٹنگ کمپنیاں طلب کے مطابق گیس فراہم نہیں کر رہیں، جس سے طلب و رسد کے درمیان بڑا فرق پیدا ہو چکا، ڈیلرز

کوئٹہ (یو این اے) پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایل پی جی کی شدید قلت پیدا ہو گئی ہے، جس کے نتیجے میں شہریوں کو نہ صرف گیس کی عدم دستیابی بلکہ مہنگے داموں خریداری جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ایل پی جی کی قیمتوں میں اچانک اور غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جہاں ایک ہی دن میں فی کلو قیمت میں 70 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جمعرات کے روز ایل پی جی 400 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت ہو ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

رہی تھی، تاہم جمعہ کے روز مختلف مارکیٹوں میں یہی گیس 470 روپے فی کلو تک پہنچ گئی۔ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ سرکاری نرخ 304 روپے فی کلو ہے، مگر عملی طور پر شہریوں کو اس قیمت پر گیس دستیاب نہیں ہو رہی، جس سے سرکاری پالیسیوں کی عملداری پر بھی سوالات اٹھنے لگے ہیں ایل پی جی کی قلت کے باعث بعض عناصر نے صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بلیک مارکیٹنگ شروع کر دی ہے، جہاں گیس من مانے نرخوں پر فروخت کی جا رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گھریلو ضروریات، خصوصاً کھانا پکانے کے لیے ایل پی جی ناگزیر ہو چکی ہے، مگر بڑھتی قیمتوں نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے حکومت نے یکم اپریل کو ایل پی جی کی قیمت میں 78 روپے فی کلو کا بڑا اضافہ کیا تھا، جس کے بعد توقع کی جا رہی تھی کہ سپلائی میں بہتری آئے گی، تاہم اس کے برعکس مارکیٹ میں صورتحال مزید خراب ہوئی ہے

# نجی تعلیمی اداروں کا والدین پر ماہ مارچ کی فیسیں لینے کیلئے دباؤ

## ادارے کھلے نہ ہی نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوا اس کے باوجود فیسوں کی وصولی سمجھ سے بالاتر ہے

## حکومت نجی تعلیمی اداروں کے خلاف ایکشن اور مارچ کی فیسیں نہ لینے کا پابند بنائے' والدین کی اپیل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے سکولوں کی بندش کے باوجود والدین سے ماہ مارچ کی فیسیں لینے کیلئے دباؤ ڈالا جا رہا ہے عوامی حلقوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ نجی تعلیمی اداروں کے خلاف کارروائی کی جائے کیونکہ تا حال تعلیمی ادارے کھلے نہ ہی نیا تعلیمی سال کا آغاز ہوا ہے لیکن تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کی جانب سے والدین پر مارچ کی ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

فیسوں کے لئے دباؤ ڈال رہے ہیں جس کی وجہ سے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری نے پہلے عوام اور شہریوں کا جینا دوبھر کر رکھا ہے یاد رہے کہ نجی تعلیمی ادارے موسم سرما کی 3 ماہ کی چھٹیوں کے دوران ستمبر سے والدین سے فیسیں لینا شروع کر دیتے ہیں جس کے حوالے سے حکومت نے میکانزم بناتے ہوئے ان کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی عوامی حلقوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ ماہ مارچ کی فیسوں کی وصولی کا نوٹس لیتے ہوئے نجی تعلیمی اداروں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے انہیں والدین سے فیسیں نہ لینے کا پابند بنا کر عوام کو اس بحرانی کیفیت میں ایسے مسائل سے نجات دلائی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 04 APR 2026 Page No. 22


## بلوچستان کے گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں 60 فی صد اضافے کا اعلان کر دیا

**حکومت اپنی ناکامی چھپانے کے لیے ڈیزل کی قیمتیں بڑھا رہی ہے، ایران سے سمگل ہونے والے [illegible]**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آل بلوچستان گڈز ٹرک اونرز اینڈ ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ہوش کے ناخن لے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے اضافے کے فیصلے کو واپس لے اور ساتھ ہی انہوں نے گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 60 فی صد اضافے کا اعلان کیا ہے انہوں نے کہا ایرانی ڈیزل کی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کرایہ بڑھایا ہے حکومت اپنی ناکامی چھپانے کے لیے آئے روز ڈیزل کی قیمتیں بڑھا رہی ہے جبکہ پاکستان میں ڈیزل وافر مقدار میں موجود ہے اب ایران کی طرف سے بھی ڈیزل پر پابندی ختم کر دی گئی ہے تو حکومت ایران سے ڈیزل کیوں نہیں منگوا رہی ہے [illegible] اس سلسلے میں ہم پورے پاکستان کے ٹرانسپورٹرز سے مشاورت کر کے آئندہ کا لائحہ عمل بہت جلد عوام کے سامنے لائیں گے۔

## لسبیلہ میں بجلی کا بحران، مرمت کے نام پر طویل بندش

بیلہ (نامہ نگار) ضلع لسبیلہ میں بجلی کی فراہمی کے ذمہ دار ادارے کراچی الیکٹرک کی کارکردگی ایک بار پھر شدید تنقید کی زد میں آ گئی ہے جہاں مینٹیننس کے نام پر لیے گئے شٹ ڈاؤن نے شہریوں کو بدترین اذیت میں مبتلا کر دیا منگل کے روز پورے علاقے میں بجلی کی مکمل بندش کر کے مرمتی کام کا اعلان کیا گیا تھا جو حسب روایت مقررہ وقت کے بعد بحالی کے باوجود آنکھ مچولی کا شکار رہی جبکہ بدھ کی صبح ہی سے ایک بار پھر فالٹ کا جواز پیش کر کے بجلی منقطع کر دی گئی جو پورا دن غائب رہی متاثرہ عوام کے مطابق اس سلسلے میں متعدد بار شکایات درج کروانے اور متعلقہ حکام کو آگاہ کرنے کے باوجود کوئی موثر اقدام سامنے نہ آ سکا ادھر عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ مسئلہ وقتی نہیں بلکہ برسوں سے جاری ہے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور طویل بندش نے نہ صرف معمولات زندگی کو مفلوج کر دیا ہے بلکہ کاروباری سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہو رہی ہیں انہوں نے حکومتِ بلوچستان اور متعلقہ اداروں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## کوئٹہ کے بعض علاقوں سمیت متعدد اضلاع میں گیس سپلائی معطل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گیس پائپ لائن دھماکے کے بعد سے کوئٹہ بعض علاقوں سمیت متعدد اضلاع اور علاقوں میں گیس کی فراہمی معطل ہے نواں کلی، ہزارہ ٹاؤن، ہزار گنجی، خروٹ آباد، پشتون باغ، خیزی اور نوحصار کے علاوہ مستونگ، قلات، پشین، کچلاک اور زیارت میں بھی گیس کی فراہمی معطل ہے جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ گیس کی بندش نے صارفین کو متاثر کیا ہے کھانا پکانا مشکل ہو چکا ہے گیس کی عدم دستیابی کے باعث شہری مہنگے داموں سلنڈر خریدنے پر مجبور ہیں جس سے ان پر اضافی مالی بوجھ پڑ رہا ہے شہریوں نے حکومت سے فوری اقدامات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 04 APR 2026

Page No. 23

# بلوچستان میں مون سون بارشوں سے تباہی

بلوچستان ایک بار پھر قدرتی آفات کی زد میں ہے، جہاں حالیہ مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں نے نہ صرف قیمتی جانیں نگل لیں بلکہ وسیع پیمانے پر تباہی بھی پھیلائی ہے۔ ہرنائی، کوہلو، تربت، جعفرآباد، لورالائی اور کچھی جیسے اضلاع میں پیش آنے والے افسوسناک واقعات اس امر کی یاددہانی ہیں کہ صوبہ اب بھی موسمیاتی تبدیلیوں اور کمزور انفراسٹرکچر کے باعث شدید خطرات سے دوچار ہے۔ قیمتی جانوں کا ضیاع محض ایک عدد نہیں بلکہ ایسے خاندانوں کا المیہ ہے جو ایک لمحے میں اجڑ گئے۔

متعدد زخمی افراد، تباہ شدہ مکانات، ہلاک ہونے والے مویشی اور سینکڑوں ایکڑ پر کھڑی فصلوں کی بربادی اس سانحے کے معاشی و سماجی اثرات کو مزید گہرا کرتی ہے۔ بالاناڑی میں حفاظتی پشتے کا ٹوٹنا اور تقریباً 100 گھروں کا بہہ جانا واضح طور پر اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ حفاظتی اقدامات یا تو ناکافی تھے یا بروقت مؤثر نہیں بنائے جا سکے۔ یہ حقیقت بھی نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ بلوچستان جیسے حساس اور جغرافیائی طور پر وسیع صوبے میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا نظام ہمیشہ سے چیلنجز کا شکار رہا ہے۔ اگرچہ پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) اور ضلعی انتظامیہ نے امدادی سرگرمیاں شروع کر دی ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا یہ اقدامات بروقت اور کافی ہیں؟ ماضی کے تجربات بتاتے ہیں کہ اکثر امدادی کارروائیاں ابتدائی مرحلے میں سست روی کا شکار رہتی ہیں، جس کے باعث متاثرین کو فوری ریلیف نہیں مل پاتا۔ مختلف علاقوں کا ملک کے دیگر حصوں سے کٹ جانا اس بحران کی سنگینی کو مزید بڑھاتا ہے۔ جب سڑکیں بند ہوں اور رابطے منقطع ہو جائیں تو امدادی کارروائیاں نہ صرف سست ہو جاتی ہیں بلکہ متاثرین کی مشکلات کئی گنا بڑھ جاتی ہیں۔ ایسے حالات میں متبادل راستوں، ہنگامی لاجسٹکس اور فوری رسائی کے نظام کی موجودگی ناگزیر ہوتی ہے، جس کا فقدان واضح طور پر محسوس کیا جا رہا ہے۔ حفاظتی پشتوں کی کمزوری، نکاسی آب کے ناقص نظام اور بروقت وارننگ سسٹم کی عدم فعالیت ایسے عوامل ہیں جو اس تباہی کی شدت میں اضافہ کرتے ہیں۔ اگر موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث بارشوں کے پیٹرن میں تبدیلی آ رہی ہے تو اس کے مطابق انفراسٹرکچر اور پالیسیوں کو بھی اپ ڈیٹ کرنا ہوگا۔ حکومت کے لیے ضروری ہے کہ وہ محض ہنگامی امداد تک محدود نہ رہے بلکہ ایک جامع اور دیرپا حکمت عملی اپنائے۔ اس میں مضبوط حفاظتی بندوں کی تعمیر، جدید وارننگ سسٹم، مقامی سطح پر تربیت یافتہ ریسکیو ٹیمیں اور متاثرہ علاقوں کی ازسرنو بحالی شامل ہونی چاہیے۔ کسانوں کے نقصانات کا ازالہ اور بے گھر ہونے والے خاندانوں کی فوری آبادکاری بھی ترجیحی بنیادوں پر ہونی چاہیے۔ شفافیت اور احتساب بھی اتنے ہی اہم ہیں۔ اگر کسی جگہ حفاظتی بند کمزور تھا یا بروقت مرمت نہیں کی گئی تو اس کی ذمہ داری کا تعین ہونا چاہیے تاکہ آئندہ ایسے سانحات سے بچا جا سکے۔ بلوچستان میں بارشیں اور سیلاب کوئی نئی بات نہیں، مگر ہر سال ہونے والی تباہی اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم ابھی تک اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار نہیں۔ اگر فوری اور سنجیدہ اقدامات نہ کیے گئے تو ایسے سانحات بار بار جنم لیتے رہیں گے، اور ہر بار نقصان پہلے سے زیادہ ہوگا۔ اب وقت آ چکا ہے کہ ردعمل کی بجائے پیشگی تیاری کو ترجیح دی جائے، تاکہ قیمتی جانوں اور وسائل کو بچایا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

let No. 6 Dated: 04 APR 2026 Page No 24

# Devastating floods

The relentless deluges and subsequent flash floods that have torn through Balochistan serve as a grim reminder of the province's acute vulnerability to climate-induced catastrophes. According to the Provincial Disaster Management Authority (PDMA), the scale of destruction is both vast and heartbreaking, claiming seven lives and leaving a trail of ruined livelihoods across districts such as Harnai, Kohlu, Turbat, and Jaffarabad. This is not merely a seasonal occurrence; it is a recurring humanitarian crisis that demands more than just reactionary measures. The loss of life ranging from lightning strikes in Loralai and Kachhi to the tragic drowning of a child in Jaffarabad and the collapse of homes in Kohlu highlights a landscape where the elements have turned hostile against a population already struggling with infrastructure deficits.

The economic toll is staggering, particularly for a province where agriculture and livestock form the backbone of the local economy. The breach of an embankment in Balanari, Kachhi, which destroyed over 100 houses and submerged approximately 400 acres of agricultural land, exemplifies the fragility of existing flood protection systems. With hundreds of homes reduced to rubble and vital standing crops like wheat, chickpeas, and mustard washed away, the long-term food security and financial stability of thousands are now in jeopardy. For a subsistence farmer, the loss of fifty livestock is not just a statistical dip; it is the total erasure of a family's savings and future.

Infrastructure damage has further paralyzed the region, turning a natural disaster into a logistical nightmare. The washing away of sections of the Harnai-Quetta and Quetta-Sanjawi national highways has effectively severed the province's jugular vein. When major arteries and multiple internal roads are transformed into impassable debris fields, the isolation of these communities becomes a secondary disaster. The provincial government's immediate priority must be the acceleration of rescue and relief operations to reach those trapped by rising waters and blocked highways. Providing temporary shelter, clean water, and medical aid to the displaced is a moral and administrative imperative that cannot be delayed by bureaucratic friction. However, the recurring nature of these "unprecedented" rains suggests that Balochistan can no longer afford to be caught off guard every season. Beyond the immediate cleanup, there must be a rigorous overhaul of provincial disaster preparedness. Strengthening embankments, improving early warning systems in remote districts, and investing in climate-resilient housing are no longer optional luxuries; they are essential for survival in a warming world. The state must move beyond the cycle of mourning and temporary aid, shifting instead toward a strategy of permanent protection and preemptive mitigation.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 04 APR 2026 Page No. 25


# بلوچستان میں مسلم لیگی کارکنوں کی بے بسی



تحریر: چوہدری شبیر احمد

بلوچستان میں اس وقت مخلوط حکومت قائم ہے جس کی قیادت اگرچہ پیپلز پارٹی کررہی ہے تاہم مسلم لیگ (ن) اہم ترین اتحادی جماعت ہے مگر وائے افسوس کہ مسلم لیگ نون میں کارکن بدترین عدم توجہی کا شکار ہیں اقتدار کے ایوانوں میں فیصلے چند ہاتھوں میں مرتکز ہو چکے ہیں، اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کارکن، جنہوں نے اس حکومت کے قیام میں بنیادی کردار ادا کیا، آج اپنی ہی حکومت میں مسلسل نظر اندازی اور محرومی کا شکار ہیں۔ یہ محض وقتی ناراضگی نہیں بلکہ ایک ابھرتا ہوا سیاسی بحران ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے وزراء اور اراکین اسمبلی کی بے بسی اب کسی سے ڈھکی چھپی نہیں رہی۔ انہیں وزارتیں تو دی گئی ہیں، مگر ان کے اپنے محکموں میں مداخلت ایک معمول بن چکی ہے۔ ترقیاتی فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم نے اس احساسِ محرومی کو مزید گہرا کر دیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے اراکین اسمبلی بارہا یہ شکایت کر چکے ہیں کہ ان کے حلقوں کو مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ نتیجتاً وہاں کے کارکن اور ووٹرز بنیادی سہولیات سے محروم رہتے ہیں، جبکہ دوسری جانب مخصوص حلقوں میں ترقیاتی کام تیزی سے مکمل ہوتے نظر آتے ہیں۔ یہ امتیازی طرزِ عمل نہ صرف سیاسی ناانصافی ہے بلکہ براہ راست عوامی محرومی کو بڑھا رہا ہے اور اس کا بوجھ بھی مسلم لیگی کارکن ہی اٹھا رہے ہیں۔ ضلعی سطح پر صورتحال اس سے بھی زیادہ تشویشناک ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے کارکن نجی محفلوں اور تنظیمی اجلاسوں میں کھل کر یہ شکوہ کرتے نظر آتے ہیں کہ انہیں نہ سنا جا رہا ہے، نہ شامل کیا جا رہا ہے، اور نہ ہی ان کی سیاسی قربانیوں کا کوئی اعتراف کیا جا رہا ہے۔ کئی مقامات پر یہ احساس اس حد تک بڑھ چکا ہے کہ کارکن خود کو اپنی ہی حکومت میں اپوزیشن سمجھنے لگے ہیں۔ یہ کیفیت کسی بھی نظریاتی جماعت کے لیے ایک خطرے کی گھنٹی ہے۔ اس کے برعکس پاکستان پیپلز پارٹی کی حکمت عملی بالکل مختلف اور یکطرفہ طور پر مؤثر دکھائی دیتی ہے۔ پارٹی اپنے کارکنوں کو نہ صرف متحرک رکھ رہی ہے بلکہ انہیں حکومتی فیصلوں اور ترقیاتی عمل میں بھی شامل کر رہی ہے۔ ان کے اراکین اسمبلی کے حلقوں میں ترقیاتی فنڈز، اسکیموں کی منظوری اور انتظامی تعاون واضح طور پر نظر آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پیپلز پارٹی کا ووٹر مطمئن اور سیاسی طور پر مضبوط نظر آتا ہے، جبکہ مسلم لیگ (ن) کا کارکن خود کو مسلسل کمزور، غیر متعلق اور نظر انداز شدہ محسوس کر رہا ہے۔ اگر مسلم لیگی کارکنوں میں یہ احساس مزید گہرا ہوتا گیا کہ انہیں جان بوجھ کر نظر انداز کیا جا رہا ہے تو یہ ردعمل صرف ناراضگی تک محدود نہیں رہے گا بلکہ انتخابی سطح پر نقصان کی صورت میں بھی سامنے آ سکتا ہے۔ مزید اہم بات یہ ہے کہ اس کے اثرات صرف بلوچستان تک محدود نہیں رہیں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) دونوں قومی سطح کی بڑی جماعتیں ہیں۔ اگر ایک صوبے میں اتحادیوں کے درمیان یہ عدم توازن اور ناانصافی برقرار رہی تو اس کا اثر وفاقی سیاست، قانون سازی اور دیگر صوبوں میں سیاسی ہم آہنگی پر بھی پڑ سکتا ہے۔ یہ وہ لمحہ ہے جہاں دونوں جماعتوں کو سنجیدگی سے سوچنا ہوگا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اتحادیوں کو محض عددی سہارا نہ سمجھے بلکہ انہیں حقیقی معنوں میں شریکِ اقتدار بنائے۔ اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے لیے یہ وقت خاموشی کا نہیں بلکہ اپنے کارکنوں کے اعتماد، عزت اور سیاسی وقار کے تحفظ کے لیے واضح اور دوٹوک مؤقف اختیار کرنے کا ہے۔ اگر آج مسلم لیگی کارکنوں کی اس مسلسل تذلیل کو نظر انداز کیا گیا تو کل یہ صرف ایک جماعت کا مسئلہ نہیں رہے گا بلکہ ایک بڑے سیاسی بحران کی شکل اختیار کر سکتا ہے جس کے اثرات بلوچستان سے نکل کر پورے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں۔